کتاب کا نام: علماء ہزارہ
مصنف برگیڈیئر ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن
ناشر: فرنٹیئر پبلشنگ اردو بازار، لاہور
قیمت: درج نہیں
سن طباعت: درج نہیں۔

اس کتاب میں فقط ہزارہ کے علماء کا تذکرہ ہے، یہ کتاب سائنسی ترتیب پر ہے۔
میں نے ایک فہرست دار العلوم دیوبند میں دیکھی تھی یہ اس فہرست سے بہت ملتی جلتی ہے اس میں بہت سے ایسے افراد کا ذکر ہے جن کا مشاہیر علماء میں ذکر ہو چکا ہے استفادہ کے نقطۂ نظر سے یہ کتاب بہت متوازن ہے ۲۴۶ شخصیات کا ذکر ہے۔ کتاب ۳۱۸ صفحات پر مشتمل ہے۔

کتاب کا نام: مشاہیر علماء سرحد
مصنف: برگیڈیئر ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن
ناشر: مجلس نشریات اسلام، کراچی
سنہ طباعت: ۱۹۹۸ء
قیمت: درج نہیں

یہ کتاب دراصل ڈاکٹر صاحب کا پی ایچ ڈی تھیس ہے اور سوانح پر لکھی گئی جملہ کتب میں سب سے زیادہ شاندار اور متوازن انداز میں مرتب شدہ ہے اس میں مصنفین کی سنہ وفات کی ترتیب پر سائنسی نقطۂ نظر سے ترتیب قائم کی گئی ہے اور سوانح بھی نہ بہت مفصل ہے نہ بہت مختصر اور ۴۴۰ شخصیات کا تذکرہ کیا گیا ہے، کتاب ۶۲۶ صفحات پر مشتمل ہے اس میں حوالہ جات کا بھرپور اہتمام کیا گیا ہے۔
یہ کتاب بھی پچھلی کتب کی طرح اس لائق ہے کہ یہ اہل علم مطالعہ کریں اور لائبریری میں رکھا جائے۔